## LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

**Notice No. 629**

**Department:- Local Government**

توجہ دلاؤنوٹس نمبر 629

منجانب:۔ محترمہ آمنہ سردار رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ بلدیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ محکمہ بلدیات ودیہی ترقی کے زیر نگرانی ہزاروں بلدیاتی ملازمین اور پنشنرز فنڈز کی کمی کی وجہ سے کئی کئی ماہ تک تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی سے محروم رہتے ہیں جس کی وجہ سے ہزاروں خاندان اور ان کے بچے بھوک وافلاس اور فاقوں سے دوچار ہوتے ہیں۔ حالانکہ وزیر اعلیٰ صاحب نے ان کو دیگر سرکاری ملازمین کی طرح بروقت تنخواہوں اور پنشن کی ادائیگی یکم تاریخ کو کرنے کا اعلان بھی کیا ہے، لیکن تاحال حکومت کی طرف سے اس اعلان پر عمل درآمد نہیں ہوا ہے۔

**Notice No. 721**

**Department:- Relief, Rehabilitation & Settlement**

توجہ دلاؤنوٹس نمبر 721

منجانب:۔ جناب احمد کنڈی رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ امداد، بحالی وآبادکاری کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ محکمہ سول ڈیفنس خیبرپختونخوا میں مختلف آسامیوں پر بھرتیوں کے لئے سال 2022 میں اشتہار، ETEA کے ذریعے تحریری امتحان اور پھر دسمبر 2024 میں انٹرویوز کی تکمیل کے باوجود ان طلباء کا عبوری میرٹ لسٹ تاحال جاری نہیں کیا گیا، جس کے باعث تقریباً سینکڑوں امیدوار اور ان کے خاندان شدید تشویش اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں۔ لہذا عبوری میرٹ لسٹ کے اجراء میں تاخیر کی فوری وجوہات اور میرٹ وشفافیت کے تقاضوں کے مطابق اس عمل کو بلاتاخیر مکمل کرنے کے حوالے سے اس ایوان کو آگاہ کیا جائے۔